## [AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**BILL**

further to amend the Federal Employees Benevolent Fund and Group Insurance Act, 1969 (Act No. II of 1969).

WHEREAS it is expedient further to amend the Federal Employees Benevolent Fund and Group Insurance Act, 1969(Act no. II of 1969) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement**.- (1) This Bill may be called the Federal Employees Benevolent Fund and Group Insurance (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 13, Act II of 1969**.- In the Federal Employees Benevolent Fund and Group Insurance Act, 1969 hereinafter referred to as the said Act, in section 13, after sub-section (5), the following new sub-section (6) shall be added, namely:-

> "(6) where, on or after commencement of the Federal Employees Benevolent Fund and Group Insurance (Amendment) Act, 2024, an employee retires, he shall be entitled to receive such lump sum grant from the benevolent fund as may be prescribed."

3. **Amendment of section 18, Act II of 1969.**- In the said Act, in section 18, the existing sub-section (1) and (2) shall be renumbered as sub-section (2) and (3) and following new sub-section (1) shall be inserted, namely:-

> "(1) On the retirement of an employee, the sum assured shall be paid to him."

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Employees of Federal Government are liable to pay to the insurance and benevolent fund such sum of money as may be prescribed as premium for the insurance and benevolent fund. The amount of such premium is as far as possible deducted at the source from the pay of employee and credited or remitted to the insurance and benevolent fund. It has been noticed that despite paying in aforesaid the heads, an employee can only be benefited from such insurance in particular, if he dies during the service. This is unjust, keeping in mind that an employee pays, year after year, under the aforesaid heads, and he is denied at his retirement to the benefits of Benevolent Fund and insurance. Therefore, there is need to amend the law and make mandatory for the government to pay due share of Benevolent Fund and insurance to the employees at the time of their retirement.

**Sd/-**
**SYED RAFIULLAH**
**Member, National Assembly**

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## فیڈرل ایمپلائز بینوولینٹ فنڈ اینڈ گروپ انشورنس ایکٹ ۱۹۶۹ء (ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۶۹ء) میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ فیڈرل ایمپلائز بینوولینٹ فنڈ اینڈ گروپ انشورنس ایکٹ، ء (ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۶۹ء) میں بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کیلئے ترمیم کی جائے۔

لہذا، حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) یہ بل فیڈرل ایمپلائز بینوولینٹ فنڈ اینڈ گروپ انشورنس (ترمیمی) بل ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۶۹ء کی دفعہ ۱۳ کی ترمیم۔** فیڈرل ایمپلائز بینوولینٹ فنڈ اینڈ گروپ انشورنس ایکٹ، ۱۹۶۹ء میں، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، دفعہ ۱۳ میں، ذیلی دفعہ (۵) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ (۶) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۶) فیڈرل ایمپلائز بینوولینٹ فنڈ اینڈ گروپ انشورنس (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے آغاز پر یا اس کے بعد، جب کوئی ملازم ریٹائر ہوتا ہے تو وہ بینوولینٹ فنڈ سے اس قدر یکمشت رقم لینے کا حقدار ہو گا جو مقرر کی گئی ہو۔"

۳۔ **ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۶۹ء کی دفعہ ۱۸ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۸ میں، موجودہ ذیلی دفعہ (۱) اور (۲) کا دوبارہ نمبر شمار بطور ذیلی دفعہ (۲) اور (۳) کیا جائے گا اور حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ (۱) شامل کر دی جائے گی، یعنی۔

"(۱) کسی ملازم کی ریٹائرمنٹ پر بیمہ کی رقم اسے ادا کی جائے گی۔"

## بیان اغراض و وجوہ

وفاقی حکومت کے ملازمین انشورنس و بینوولینٹ فنڈ میں اتنی رقم ادا کرتے کے ذمہ دار ہیں جو کہ انشورنس و بینوولینٹ فنڈ کے لئے پریمیئم کے طور پر تجویز کی جائے۔ اس طرح کی پریمیئم کی رقم جہاں تک ممکن ہو ملازم کی تنخواہ سے ماخذ پر وصول کی جاتی ہے اور انشورنس و بینوولینٹ فنڈ میں جمع کرائی یا بھیجی جاتی ہے۔ یہ بات نوٹس میں آئی ہے کہ مذکورہ مدات میں ادائیگی کرنے کے باوجود ملازم کو خاص طور پر صرف دوران ملازمت فوت ہو جانے کی صورت میں مذکورہ بیمہ سے فائدہ پہنچایا جاسکتا ہے۔ یہ ناانصافی ہے، اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے کہ ایک ملازم سال ہا سال مذکورہ مدات کے تحت ادائیگی کرتا ہے اور اسے اسکی ریٹائرمنٹ پر بینوولینٹ فنڈ و انشورنس کے فوائد دینے سے انکار کر دیا جاتا ہے۔ لہٰذا، قانون میں ترمیم کرنے اور حکومت کے لئے ملازمین کو ان کی ریٹائرمنٹ پر بینوولینٹ فنڈ و انشورنس کے واجب الادا حصہ کو ادا کرنا لازمی قرار دینے کی ضرورت ہے۔

دستخط/۔
سید رفیع اللہ
رکن قومی اسمبلی